علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

شعبۂ اردو

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی

کورس: لغت نویسی کا فن اور اردو میں لغت نویسی روایت (9024) سمسٹر: بہار 2026ء

سطح: بی ایس اردو

(ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر 1
(یونٹ 1 تا 4)

کل نمبر 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال ۱: جدید لغت نویسی کن اصولوں پر مبنی ہے؟ تفصیل سے لکھیں۔ 20

سوال ۲: عربی لغت نویسی کے ارتقا پر مختصر مگر جامع مضمون تحریر کریں۔ 20

سوال ۳: اردو میں منظوم نصاب ناموں کی روایت پر روشنی ڈالیں۔ 20

سوال ۴: جان جوشوا کیٹلر، ہیڈلے اور جان شیکسپیئر کی اردو لغت نویسی کے میدان میں خدمات کا تنقیدی جائزہ پیش کریں۔ 20

سوال ۵: فارسی لغت نویسی کے ادوار پر روشنی ڈالیں۔ 20

امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ نمبر 6 تا 9)

کل نمبر 100 کامیابی کے نمبر 50

سوال ۱: نور اللغات کی ''ج'' کی پٹی کے اندراجات کا تنقیدی جائزہ پیش کریں۔ 20

سوال ۲: ''فرہنگ تلفظ'' کی ''ب'' کی پٹی کے پہلے بیس (۲۰) اندراجات اور ان کی تفصیل نقل کریں۔ 20

سوال ۳: تھیسارس سے کیا مراد ہے؟ عام لغت اور تھیسارس میں فرق واضح کریں۔ 20

سوال ۴: ''اردو لغت تاریخی اصول پر'' کی اہمیت اور خصوصیات پر جامع مضمون قلم بند کریں۔ 20

سوال ۵: لغاتِ مترادفات ومحاورات اور انسائیکلو پیڈیا کی اہمیت پر نوٹ تحریر کریں نیز اردو میں اس ضمن میں ہونے والے کام کا تعارف پیش کریں۔ 20